بسم اللہ الرحمن الرحیم

علاماتِ

ظہورِ مہدی علیہ السلام

علّامہ طالب جوہری

AL-HASSAN BOOK DEPOT
MASJID-E-BABUL ILM
North Nazimabad, Karachi.
Phone: 6626074

مقام اشاعت

امام بارگاہ باب العلم نشاط کالونی

آر۔اے بازار، لاہور چھاؤنی

ہو۔ یہ بنی ہاشم کہاں خروج کریں گے؟ یہ وضاحت نہیں ہے اور اس کی بھی وضاحت نہیں ہے کہ یہ ادعا امامت کا ہوگا۔ یا کسی اور منصب کا البتہ روایت سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ یہ لوگ فقط دعوٰی نہیں کریں گے۔ بلکہ خروج کریں گے۔

شیخ مفید نے اپنی کتاب ارشاد میں یہ تحریر فرمایا ہے کہ بارہ افراد نسلِ ابو طالب سے خروج کریں گے اور ہر ایک امامت کا مدعی ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

دین اور علمِ دین

عن الصادق علیہ السلام	امام جعفر صادق علیہ السلام نے
عن رسول اللہ صلّی اللہ علیہ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے
و الیہ سیاتی علی اُمتی	روایت کی ہے کہ میری اُمّت پر ایک
زمان لا یبقی من القراٰن	ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ قرآن کے
الا رسمہ ولا من الاسلام	فقط نقوش باقی رہ جائیں گے اور اسلام
الا اسمہ یسمون بہ	کا فقط نام باقی رہ جائے گا۔ وہ اپنے
وھم ابعد النّاس	آپ کو مسلمان کہیں گے۔ لیکن
منہ مساجد ھم عامرہ	اسلام سے بہت دور ہوں گے ان کی
من البناء وھی	مسجدیں عمارت کے اعتبار سے صحیح ہوں
خراب من الھدی	گی لیکن ہدایت کے اعتبار سے خراب
فقھاء ذالک الزمان	ہوں گی۔ اس زمانے کے فقہا بدترین
شر فقھاء تحت	اور شریر ترین فقہا ہوں گے جو آسمان

ظل السماء منهم خرجت الفتنة واليهم تعود [1]

کے نیچے ہوں گے انہیں سے فتنہ باہر آئے گا اور انہیں کی طرف واپس جائے گا۔

—— ۲ ——

قال يأتي على الناس زمان يقتل فيه العلماء كما يقتل فيه اللصوص يا ليت العلماء تحامقوا في ذالك الزمان [2]

ارشاد فرمایا کہ انسانوں پر ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے کہ اس زمانے میں جس طرح چور قتل کیے جائیں گے اسی طرح علماء بھی قتل کیے جائیں گے، کاش علماء اس وقت اپنے آپ کو بے وقوف اور احمق بنالیں

—— ۳ ——

قال رسول الله اذا ابغض المسلمون علماءهم واظهروا عمارة اسواقهم وتناكحوا على

امیر المومنین علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جب مسلمان اپنے علماء سے نفرت کرنے لگیں اور اپنے بازاروں کی

---

[1] ظہور الحجت صفحہ ۱۲۴۔

[2] علائم الظہور زنجانی صفحہ ۲۱۷۔